© rasailojaraid.com

وامکانات کے دبیز پردوں میں اس کو چھپایا اور اقوال کی کثرت میں الجھا اور الجھایا جاتا۔ کیونکہ مقصود کی طرف راہنمائی کرنے والی علامات کو چھپانا یا مبہم رکھنا بنیادی مقصد اور حکمت کے خلاف ہوتا ہے۔

حضرت سیدنا موسیٰ علیہ وعلی نبینا افضل الصلوات والتسلیمات کی معیت میں بنی اسرائیل کے ستر افراد رب ذوالجلال کی ملاقات کیلئے جاتے ہیں۔ جب وہ سارے اللہ کی پکڑ میں آکر ہلاک ہو گئے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے توبہ واستغفار کے ساتھ بارگاہ ایزدی میں دستِ دعا پھیلا دیے۔ دعا قبول ہوئی اور جواب ملا:

قال عذابی اصیب بہ من اشآء ج ورحمتی وسعت کل شیء ط فساکتبھا للذین یتقون و یؤتون الزکوۃ والذین ھم بأیتنا یؤمنون. الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندھم فی التورٰۃ والانجیل (۱)

"جسے میں چاہوں گا عذاب سے دوچار کروں گا اور میری رحمت ہر چیز سے وسیع تر ہے۔ پھر عنقریب میں اسے ان لوگوں کیلئے لکھ دوں گا جو تقویٰ اختیار کریں گے، زکوٰۃ دیں گے اور وہ جو ہماری آیات پر ایمان لائیں گے۔ وہ لوگ کہ جو اس رسول و نبی امی کی پیروی کریں گے، جس کا ذکر اپنے پاس موجود تورات اور انجیل میں پائیں گے۔"

پھر گفتگو کا تسلسل برقرار رہتا ہے اور نبی امی کے خصائص کا ذکر آجاتا ہے۔ اس سے صاف مترشح ہے کہ امی ہونا اس نبی معظم کا شناختی وصف ہے جو نبی موعود ہے۔ آپ ﷺ سے متعلق بشارات کا سلسلہ حضرت ابوالانبیاء سیدنا خلیل اللہ علیہ وعلی نبینا افضل الصلوات والتسلیمات کی دعا سے شروع ہوتا ہے۔ تورات کے حوالے سے اس دعا کا ذکر ذرا آگے چل کر آئے گا۔ یہاں قرآن حکیم کے الفاظ ملاحظہ ہوں:

ربنا وابعث فیھم رسولا منھم یتلوا علیھم اٰیتک ویعلمھم الکتب والحکمۃ ویزکیھم ط انک انت العزیز الحکیم (۲)

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ان لوگوں میں خود انہی میں سے ایک عظیم المرتبت رسول مبعوث فرمانا جو ان کو تیری آیات پڑھ کر سنائے، ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور ان کا تزکیہ فرمادے، تو بڑا ہی مقتدر اور بہت حکمتوں والا ہے۔



سیدنا خانۂ کعبہ کی تعمیر کے عمل کے دوران مکہ مکرمہ میں مانگی گئی تھی۔ یہ چیز اس بات کا قرینہ ہے کہ جس نبی کی بعثت کی دعا مانگی گئی اس کی بعثت مکہ مکرمہ میں اور اہل مکہ ہی میں سے ہو۔ چنانچہ فہیم اور منبہہ انہی دو باتوں کا تعین ہو رہا ہے۔ آپ علیہ السلام کے ساتھ اس وقت چونکہ حضرت سیدنا اسماعیل علیہ السلام خانۂ کعبہ کی تعمیر کے عمل میں شریک اور مصروف تھے اس لئے یہ دعا بھی آپ علیہ السلام کے حق میں ہوئی۔ مگر حضرت خلیل اللہ علیہ الصلوۃ والسلام کے بعد اور آپ ﷺ کی بعثت سے پہلے کے زمانوں میں نبوت و رسالت کا جو دور چلا وہ پورے کا پورا آپ علیہ السلام کے چھوٹے فرزند حضرت اسحاق علیہ السلام کی اولاد سے تعلق رکھتا ہے۔ اس اثناء میں بنی اسماعیل پہ خاموشی طاری رہی۔ پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے عہد میں جس نبی موعود کی بعثت کی بشارت دیتے ہیں اس کی بنیاد وہ وحی الٰہی معلوم ہوتی ہے جس کا حوالہ متذکرہ بالا فرمان ایزدی سے ملتا ہے۔ اس موقع پر آپ علیہ السلام کو نبی موعود کی یہ علامت بتا دی گئی تھی کہ وہ "امی" ہوگا۔ اور آپ علیہ السلام کے بعد کوئی بھی اور نبی جو "امی" نہ ہوگا اس بشارت کا مصداق بھی نہ ہوگا۔ اس مسئلے میں علماء کرام کے اقوال میں جو تعدد اور گونا گونی پائی جاتی ہے اسی سے ان اقوال کی صحت و صداقت مشکوک ہو جاتی ہے۔ اس سلسلے میں سید ابوالاعلیٰ مودودی نے جو موقف اختیار کیا اس میں ایک بے اعتدالی کا عنصر پایا جاتا ہے۔ جس پہ از سر نو غور و خوض اور اس موقف سے گریز ضروری ہے۔ اس موقف کی صحت تسلیم کر لی جائے تو اس کلیے سے شان رسالت میں تنقیص کا پہلو نکلتا ہے۔ لکھتے ہیں:

"یہاں نبی ﷺ کے لئے امی کا لفظ یہودی اصطلاح کے لحاظ سے استعمال ہوا ہے۔ بنی اسرائیل اپنے سوا دوسری سب قوموں کو امی (گوئیم یا جنٹائل) کہتے تھے اور ان کا قومی غرور کسی امی کی پیشوائی تسلیم کرنا تو درکنار اس پر بھی تیار نہ تھا کہ امیوں کے لئے اپنے برابر انسانی حقوق ہی تسلیم کر لیں۔ چنانچہ قرآن میں ان کا یہ قول نقل کیا گیا ہے کہ "امیوں کے مال مار کھانے میں ہم پر کوئی مؤاخذہ نہیں" (آل عمران آیت ۷۵) پس اللہ تعالیٰ انہی کی اصطلاح استعمال کر کے فرماتا ہے کہ اب تو اسی امی کے ساتھ تمہاری قسمت وابستہ ہے۔ اس کی پیروی قبول کرو گے تو میری رحمت سے حصہ پاؤ گے ورنہ وہی غضب تمہارے لئے مقدر ہے جس میں صدیوں سے گرفتار چلے آرہے ہو۔" (۳)

سارے آثار و قرائن تو یہی بتاتے ہیں کہ یہ کلمہ یہودی اختراع اور وضع کردہ اصطلاح ہے۔ اس حد تک تو مندرجہ بالا موقف درست اور حقائق کے مطابق ہے۔ چونکہ یہود کا عیسائیوں کے مقابلے میں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جزیرہ نمائے عرب میں اثر ورسوخ زیادہ تھا اس لئے بے خوف تردید کہا جاسکتا ہے کہ امی کا لفظ غیر اہل کتاب کے معنی میں انہوں نے ہی استعمال اور رائج کیا۔ مگر عوامی سطح پر عام استعمال میں آجانے والے ایک کلمے میں یہود کی مکروہ ذہنیت کے آثار تلاش کرنا اور اس کو ان کی کمتر سوچ سے آلودہ کر دینا قطعا مناسب نہیں۔ زیر بحث آیت مبارکہ مکی سورت کا حصہ ہے۔ اگر ایسی کوئی آلودگی پائی جاتی تو یہ کلمہ کسی مکی سورت میں آپ ﷺ کی صفت کے طور پر شامل تو ہر گز نہ ہوتا کہ یہاں تو ابھی یہود کا سامنا ہی نہیں ہے۔ نہ ان کی زیر دستی یا بالا دستی کا سوال ہی ہے۔ پھر یہ بھی تو دیکھئے کہ یہ تو ایسے ہی ہوا جیسے آپ ﷺ کے نام نامی اسم گرامی کو بگاڑ کر مذمم کہنے والوں کو چڑانے کے لئے وحی' الٰہی اس کلمے کو آپ ﷺ کا وصف ظاہر کرتے ہوئے یہ تاثر پیدا کرے کہ آج تم اسی مذمم کے رحم وکرم پر ہو۔ عیاذا باللہ ! یہ پہلو دھیان میں ہوتا تو سید ابوالاعلیٰ مودودی یہ موقف یقینا اختیار نہ کرتے۔ الغرض یہود یہ کلمہ غیروں کے لئے ضرور استعمال کرتے تھے مگر نفرت وحقارت کے اظہار کے لئے نہیں، جداگانہ شناخت کے طور پر استعمال کرتے تھے۔

''جو علم خدا کے نام کے بغیر ہو وہ انسانیت کی تباہی کا سبب بنے گا'' کے نام سے طبع ہو کر عام لوگوں کے استفادے کے لئے تقسیم ہونے والے ایک مختصر کتابچے میں سید ابوالحسن علی ندوی کا زور اس بات پر ہے کہ امی کا معنی ''ناخواندہ ہونا'' ہے:

''جس پر یہ وحی نازل ہو رہی ہے وہ خود بھی ناخواندہ امی ہے، اس کی پوری قوم ان پڑھ ہے، یہودیوں نے بھی ان کو امیین کے لقب سے پکارا ہے۔'' (۴)

پیر کرم شاہ الازہری کا بھی اس معاملے میں کوئی قول مختار نہیں۔ فرماتے ہیں: ''حضور ﷺ کو ''الامی'' کہنے کی متعدد توجیہات علماء کرام نے بیان کی ہیں'' پھر حسب ذیل توجیہات نقل کرتے ہیں:

ا۔''منسوب الی الام یعنی ہو علی ما ولدتہ امہ لم یکتب ولم یقرأ۔'' یعنی یہ کلمہ ام بمعنی ماں، کی طرف منسوب ہے۔ وہ شخص جو اسی حال پر ہو جس پر اس کی ولادت ہوئی کہ نہ لکھا نہ پڑھا۔

۲۔بعض نے کہا ہے کہ ام القریٰ (مکہ مکرمہ) کی طرف نسبت کی وجہ سے امی کہا گیا۔

۳۔بعض کی رائے ہے کہ امی امت کی طرف منسوب ہے۔ یعنی حضور ﷺ صاحب امت ہیں۔ (۵)



لغت نویس کہتے ہیں:

''الامی من لا یعرف الکتابۃ ولا القراۃ'' (۶) یعنی امی وہ ہے جو لکھنا جانتا ہو نہ پڑھنا۔

امام راغب اصفہانی فرماتے ہیں:

''الامی ہو الذی لا یکتب ولا یقرأ من کتاب'' (۷) یعنی امی وہ شخص ہے کہ جو کسی کتاب سے پڑھ سکتا ہو نہ لکھ سکتا ہو۔

علامہ جار اللہ زمخشری کے نزدیک امی سے مراد یہود بھی ہو سکتے ہیں۔ اس طرح ایک مقام پر '' اُمِّیُّوْنَ '' سے ان پڑھ یہودی مراد لئے ہیں۔ فرماتے ہیں:

ومنہم اُمّیون لا یحسنون الکتب فیطالعوا التوراۃ ویتحققوا ما فیہا (۸)

ترجمہ: اور ان میں سے کچھ ان پڑھ ہیں، کتاب کے بارے میں بہتر معلومات نہیں رکھتے کہ تورات کا مطالعہ ہی کر سکیں اور یہ تحقیق کر سکیں کہ اس میں کیا کیا احکام ہیں۔

استاذی، علامہ غلام رسول سعیدی فرماتے ہیں:

''امی وہ شخص ہے جو لکھتا ہو نہ پڑھتا ہو، یعنی جس طرح ماں کے بطن سے ناخواندہ پیدا ہوا تھا اسی حالت پر ہو اور کسی سے علم حاصل نہ کیا ہو''۔ (۹)

ایک روایت میں ہے کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر معاہدہ جب لکھا جانے لگا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کا نام مبارک ''محمد رسول اللہ'' لکھ دیا۔ اس پر مشرکین مکہ معترض ہوئے کہ ہم آپ (ﷺ) کو اللہ کا رسول مانتے تو پھر جھگڑا ہی کیا رہ جاتا۔ اور اصرار کیا کہ ''رسول اللہ'' کے کلمات ہٹا دیئے جائیں۔ آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ یہ کلمات ہٹا دیں۔ مگر آپ رضی اللہ عنہ کو تامل ہوا۔ آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

أرنی مکانہا فأراہ مکانہا فمحاہا و کتب ابن عبداللہ (۱۰)

ترجمہ: مجھے وہ جگہ دکھاؤ جہاں ''رسول اللہ'' کے کلمات لکھے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وہ جگہ دکھائی جہاں یہ کلمات لکھے ہوئے تھے تو آپ ﷺ نے ان کلمات کو مٹا کر ''ابن عبداللہ'' لکھ دیا۔

حضرات شارحین حدیث نے اس روایت کے ذیل میں بڑی طویل اور تفصیلی بحثیں درج کی



© rasailojaraid.com